© rasailojaraid.com



دوسری طرف عازمین عمرہ و حج کے لیے 'ایک جامع اور مکمل راہ نما کتاب' بھی۔ طویل ہونے کے باوجود دل چسپ ہے۔ (رفیع الدین ہاشمی)

**ہدیۃ الوالدین، ہدیۃ النساء**، حافظ مبشر حسین لاہوری۔ ناشر: مبشر اکیڈمی، لاہور۔ تقسیم کار: کتاب سرائے، الحمد مارکیٹ، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور۔ صفحات علی الترتیب: ۲۹۲، ۴۵۲۔ قیمت علی الترتیب: ۲۳۰ روپے، ۳۳۰ روپے

فاضل مصنف جواں سال ہیں اور تحریر و تالیف میں اس قدر مگن کہ متنوع موضوعات پر ایک کے بعد ایک کتب شائع ہو کر سامنے آ رہی ہیں۔ تبصرہ نگار کے علم میں ان کی کم از کم ۲۲ کتب ہیں جو سب عام فہم ہیں، آسان زبان میں ہیں اور سب سے بڑھ کر جدید انداز سے لکھی گئی ہیں۔ ان کی کتب میں اصل ماخذ قرآن و سنت ہیں۔ مصنف کا اندازِ تحریر یا اسلوب سوال جواب کا بھی ہے اور موضوعاتی بھی۔ وہ ہر چیز کو اس انداز میں بیان کرتے ہیں کہ کتاب میں موجود علمی خزانہ موضوعات کی صورت میں قاری کے سامنے آ جاتا ہے۔ کتاب کی فہرست ہی اس قدر جامع اور مفصل ہوتی ہے کہ قاری اپنی پسند یا ضرورت کی چیز بآسانی تلاش کر کے استفادہ کر لیتا ہے۔

ہدیۃ الوالدین وعظ و تلقین کی روایتی کتاب نہیں ہے بلکہ اس میں والدین اور اولاد کے متنازعہ مسائل کی تفصیلات اور نزاعات کی وجوہات اور ان کے تدارک پر خصوصی روشنی ڈالی ہے اور قرآن و سنت کی روشنی میں ایسا منصفانہ حل پیش کرنے کی کوشش کی ہے کہ نہ تو والدین کی حق تلفی ہو اور نہ ہی اولاد پر ظلم ہو۔ جدید دور میں جو عملی مسائل پیدا ہو رہے ہیں ان سب کا احاطہ ہو گیا ہے، بلاشبہہ زیر بحث موضوع پر اُردو زبان میں یہ ایک جامع کتاب ہے اور مغربی اثرات کے تحت خاندانی نظام کو پہنچنے والے نقصانات سے بچاؤ کے لیے اس کتاب کا مطالعہ مفید ہے۔

ہدیۃ النساء ...... ہمارے معاشرے میں خواتین کی ایک بڑی تعداد کو دین کا صحیح فہم حاصل نہیں ہے جس کے نتیجے میں نئی نسل بھی غیر اسلامی عقائد کے تحت پرورش پا کر جوان ہوتی ہے۔ فاضل مصنف نے اس پر نہایت تفصیل سے مواد کو یک جا کر دیا ہے۔ ابواب کے موضوعات سے اندازہ کیا جا سکتا ہے: ۱- عورت پیدایش و پرورش اور تعلیم و تربیت ۲- عورت کا لباس، پردہ اور

© rasailojaraid.com